مگر ماہرانہ انداز میں لکھ دی ہے۔عربی زبان سے واقفیت حاصل کرنے کا شوق رکھنے والوں کے لئے یہ ایک مفید پیشکش ہے۔اس کتاب کی اشاعت کے تمام اخراجات مصنف نے خود برداشت کئے ہیں اور اب وہ اسے ضرورت مندوں میں ہدیتاً تقسیم کررہے ہیں۔دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی اس کاوش کو شرف قبولیت سے نوازے اور توشۂ آخرت بنائے۔کتاب کی کپوزنگ معیاری اور کاغذ عمدہ ہے۔جلد خوبصورت اور مضبوط ہے۔

## (۲)

نام کتاب : شرح شمائل ترمذی جلد دوم

مصنف : مولانا عبدالقیوم حقانی

ضخامت:582 صفحات ...... قیمت :درج نہیں

ملنے کا پتہ :القاسم اکیڈمی' جامعہ ابوہریرہ' خالق آباد نوشہرہ

© rasailojaraid.

شمائل ترمذی حدیث کی معروف کتاب ہے' جس میں رسول اللہ ﷺ کی زندگی کے معمولات بیان کئے گئے ہیں۔ہر مسلمان کی یہ خواہش ہے کہ اسے رسول اللہ ﷺ کی عاداتِ شریفہ اور پسند و ناپسند کا علم ہو۔یہی وجہ ہے کہ اس کتاب کو قبولِ عام کا شرف حاصل ہوا اور اس کی بہت سی شروح لکھی گئیں۔زیرِ تبصرہ کتاب شرح شمائل ترمذی کی دوسری جلد ہے۔اس کے مصنف تجربہ کار مدرس اور ہردلعزیز عالمِ دین ہیں اور اللہ تعالیٰ نے ان کو حسنِ تحقیق اور تصنیف و تالیف کی صلاحیت سے نوازا ہے۔

شرح شمائل ترمذی جلد دوم ۲۶ ابواب پر مشتمل ہے۔ہر باب رسول اللہ ﷺ کے سیرت و کردار کے کسی ایک پہلو کے متعلق احادیث کی تشریح پر مشتمل ہے۔اس کتاب کی نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ یہ تدریس کے انداز میں لکھی گئی ہے جو عام قارئین کے لئے معلومات فراہم کرتی ہے اور دین کے طالب علموں کے لئے استاد کا کام دیتی ہے۔ہر حدیث کے راویوں کے مختصر حالات' مشکل الفاظ کے معانی و مطالب اور پھر حدیث کا بامحاورہ ترجمہ تفہیم کے لئے آسانی پیدا کرتا ہے۔اس کتاب کا مطالعہ پڑھنے والے کے دل میں مسنون اعمال کو اختیار کرنے کا جذبہ پیدا کرے گا جس سے حسنِ عمل کی توفیق عاقبت کی بھلائی پر منتج ہوگی۔

کتاب معنوی خوبیوں کے علاوہ حسنِ ظاہری سے بھی مزین ہے۔ٹائٹل خوبصورت اور جلد مضبوط ہے۔

© rasailojaraid.